قطر کے وفد کی جامعہ میں تشریف آوری

گزشتہ دنوں رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب کی دعوت پر وزارتِ عدل وانصاف حکومتِ قطر کا ایک دو رکنی وفد نجی طور پر جامعہ کے دورہ پر جہلم تشریف لائے۔ وفد میں وزارتِ عدل وانصاف حکومتِ قطر کے سیکرٹری سعادۃ الشیخ ابراہیم موسیٰ الہتمی اور قطر کے ممتاز عالم دین، مبلغ اور داعی فضیلۃ الشیخ بلال السویدی اور مرکزی جمعیت اہلحدیث قطر کے ممتاز رہنما اور قطر میں جماعتی سرگرمیوں کے روحِ رواں جناب ڈاکٹر شاہ محمد علوی اور انکے صاحبزادے الشیخ خالد العلوی شامل تھے۔ وفد کا اسلام آباد ایئرپورٹ پر شاندار استقبال کیا گیا۔

جہاں سے وہ اسلام آباد وراولپنڈی کے مشہور مخیّر تاجر حافظ عبدالوحید چوہدری کی رہائش گاہ پر گئے جہاں پر ان کے لیے ظہرانہ کا اہتمام تھا۔ اس کے بعد وفد نے اسلام آباد میں چوہدری محمد امین صاحب اور ظفر محمود صاحب کی معیت میں زیر تعمیر بعض نئی مساجد کا دورہ کیا۔ اور مغرب سے پہلے وفد جہلم روانہ ہو گیا۔

عشاء کے وقت جب معزز وفد جامعہ پہنچا تو جامعہ کے اساتذہ اور طلباء نے مین گیٹ پر ان کا پرجوش والہانہ استقبال کیا اور فضاء اهلاً وسهلاً...... مرحبا مرحبا کے نعروں سے گونج اٹھی۔ وفد نے اگلے روز جامعہ کا تفصیلی معائنہ کیا۔ تمام کلاس رومز میں طلباء واساتذہ کو درس وتدریس میں مشغول دیکھا۔ طلباء کے رہائشی کمروں کا معائنہ کیا لائبریری میں مطبوعہ اور قسم المخطوطات والمصورات کو بڑی دلچسپی سے دیکھا۔ اثریہ مڈل سکول بھی گئے اور اثریہ ڈسپنسری کا جائزہ بھی لیا۔ نماز عصر کے بعد معزز مہمانوں کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں جماعتی احباب بھی شریک ہوئے جامعہ کے طلباء نے نظموں، نعتوں اور تقریروں سمیت یہ پروگرام مکمل طور پر عربی زبان میں پیش کیا۔ آخر میں فضیلۃ الشیخ بلال السویدی نے سپاسنامہ کے جواب میں پرمغز علمی تقریر کی۔ رئیس الجامعہ کی دعائے خیر سے مغرب سے قبل یہ تقریب اختتام کو پہنچی۔

اس سے اگلے روز معزز وفد نے اثریہ ہسپتال بھٹیال اور سوہاوہ میں زیر تعمیر جامع مسجد اہلحدیث کا معائنہ کیا۔ رات کو عشائیہ کا اہتمام جناب محمد ارشد زرگر نے کیا تھا۔ جس میں ارشد زرگر صاحب نے مترجم کے ذریعے وفد کو مقامی جماعتی اور جامعاتی سرگرمیوں سے آگاہ کیا۔ وفد نے اپنے قیام کے دوران گجرات، رانیوال سیداں گوجرانوالہ لاہور اور کنگن پور دورہ کیا۔ جس میں انھوں نے جماعتی مراکز کا دورہ کیا۔ وفد نے جماعتی منصوبوں میں گہری دلچسپی لی اور جامعہ کی تعلیمی وتبلیغی سرگرمیوں پر دلی اطمینان کا اظہار کیا۔ معزز وفد ایک ہفتہ کے بھرپور دورہ کے بعد

اسلام آباد ائیر پورٹ سے واپس وطن روانہ ہو گیا۔ جہاں انہیں گرمجوشی سے الوداع کہا گیا۔

معزز قطری وفد کی دفاتر مرکزی جمعیت 106 راوی روڈ لاہور میں آمد

وزارت عدل وانصاف حکومت قطر کے سیکرٹری الشیخ ابراہیم الھتمی اور قطر کے ممتاز عالم دین اور مبلغ فضیلۃ الشیخ بلال السویدی نے مورخہ 4 اپریل بروز منگل مرکزی جمعیت اہلحدیث کے مرکزی دفتر 106 راوی روڈ لاہور کا دورہ کیا۔ انکے ہمراہ مرکزی جمعیت اہلحدیث قطر کے امیر ڈاکٹر شاہ محمد علوی صاحب، رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی اور حافظ احمد حقیق بھی تھے۔ فضیلۃ الشیخ محمد مدنی صاحب کی کوششوں اور بھرپور تعاون سے یہ دورہ بہت کامیاب رہا۔ اس موقع پر امیر محترم پروفیسر ساجد میر صاحب کی زیر صدارت منعقدہ علماء کنونشن سے معزز مہمان الشیخ بلال السویدی نے بڑا پر مغز اور فکر انگیز خطاب کیا۔ جسے سامعین سے بہت سراہا۔ انکے خطاب سے قبل الشیخ محمد مدنی حفظہ اللہ نے عربی زبان میں بڑے بچے تلے انداز میں معزز مہمانوں کا تعارف کروایا (ہفت روزہ اہلحدیث لاہور)

جامعہ سردار للبنات اہلحدیث رانیوال سیداں میں خواتین کے لیے دوسرا بڑا پروگرام

گزشتہ دنوں جامع سردار للبنات رانیوال سیداں (ضلع گجرات) میں خواتین کے لیے دوسرا بڑا تبلیغی و اصلاحی اجتماع ہوا۔ جس میں علاقہ بھر سے بڑی بھاری تعداد میں خواتین نے شرکت کی، صبح سے لے کر شام تک تقاریر کا سلسلہ جاری رہا۔ ان اجتماعات کی بدولت خواتین کی بڑی اصلاح ہو رہی ہے۔ اور خواتین اپنی بچیوں کو تعلیم کے لیے جامعہ سردار میں داخلہ دلوا رہیں ہیں۔ جامعہ سردار سے سات طالبات نے وفاق المدارس کا امتحان دیا۔

موضع گاھوڑا (تھل) پنڈ دادنخان میں جلسہ سیرت النبی ﷺ

گزشتہ دنوں موضع گاھوڑا (تھل) میں ایک تبلیغی واصلاحی جلسہ سیرت کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں مناظر اسلام حضرت مولانا حافظ محمد عبداللہ شیخوپوری، رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب، مولانا حافظ محمد اصغر راشد (لاہور)، مشہور صحافی محمود مرزا جہلمی اور دیگر مقررین نے خطاب کیا۔ اس جلسہ کا اہتمام وہاں آباد اعوان برادری نے کیا تھا۔ تحصیل پنڈ دادنخان سے لوگوں نے جوق درجوق شرکت کی اور رات گئے تک جلسہ جاری رہا۔

حاجی عبدالرزاق، طارق محمود اور احسان الحق کو صدمہ

حاجی عبدالرزاق صاحب اور طارق محمود صاحب کے بڑے بھائی اور احسان الحق کے والد محترم منشی عبدالستار بن منشی کرم داد مرحوم تقریباً 63 سال کی عمر میں گزشتہ دنوں وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔